# PROSPECTUS

2026-28




## BS Program

- BS English
- BS Physics
- BS Chemistry
- BS Zoology

# GOVERNMENT GRADUATE COLLEGE FOR WOMEN

Rs. 150/-

## STADIUM ROAD BUREWALA

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# پرنسپل کا پیغام

اوروں کا ہے پیام اور میرا پیام اور ہے
عشق کے دردمند کا طرزِ کلام اور ہے

(ڈاکٹر علامہ اقبال)

عزیز طالبات:۔

اللہ تعالیٰ نے ہر بچے کو فطرتِ اسلام پر پیدا کیا ہے اور انسان کے لئے پسندیدہ علم وہی ہے جو فطرت کے نظام سے تعلّق رکھتا ہو۔ انسان اس کائنات میں اللہ تعالیٰ کا نائب اور خلیفہ ہے۔ انسانی زندگی کا مقصد معرفت اِلٰہی اور اطاعت الٰہی ہے۔

حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

''علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے''

''طالب علم کو اگر علم کی تلاش میں موت آجائے تو وہ شہید ہے''

لہذا طالبات کا فرض ہے کہ تعلیم کیلئے کوشاں رہیں۔ تعلیمی ادارے میں حاضری کا بنیادی مقصد حصولِ علم ہے باقی سرگرمیاں ثانوی حیثیت رکھتی ہیں۔ اگر طالبات محنت سچی لگن اور سنجیدگی کے ساتھ حصولِ علم پر توجہ دیں تو قوم کی تقدیر بدلنے میں کوئی رکاوٹ حائل نہیں ہو سکتی۔

**پرنسپل**

**مسز عاصمہ حسین**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# تعارف

## گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین بورے والا

کا شمار علاقہ کی عظیم درس گاہوں میں ہوتا ہے۔اس مادرِ علمی کا قیام 10 جون 1982ء کو عمل میں آیا۔ابتدا میں گرلز پرائمری سکول کی عمارت میں ایف اے/ایف ایس سی کی کلاسز کا اجزا کیا گیا۔1985ء میں اسے ڈگری کالج کا درجہ دے کر بی اے/بی ایس سی کی کلاسز شروع کر دی گئیں۔کالج کی نئی عمارت کی تعمیر کیلئے اہل بورے والا نے خطیر رقم اکھٹی کر کے حکومت کے حوالے کی، جو کہ اپنی مدد آپ کی ایک درخشاں مثال ہے۔اور اہل بورے والا کی علم دوستی کی روشن مثال ہے۔شہریوں، انتظامیہ اور محکمہ تعلیم کی اجتماعی کوششوں کے نتیجے میں کالج کی نئی عمارت جلد پایہ تکمیل کو پہنچ گئی اور 25 فروری 1986ء کو کالج اپنی نئی عمارت میں منتقل ہو گیا۔کالج انتظامیہ نے ہر دور میں کالج کی فلاح و بہبود کیلئے بہترین کوششیں کیں۔لیکن 2003 تا 2005ء کے دور کو بلاشبہ سنہری دور کہا جا سکتا ہے۔کیونکہ اس عرصہ میں کالج نے عمارتی تعمیر اور نصابی سرگرمیوں کے حوالے سے ریکارڈ ترقی کی۔2003ء میں کالج ہذا کی پانچ طالبات نے ملتان بورڈ میں انٹرمیڈیٹ کی سطح پر پہلی پانچ پوزیشنز حاصل کر کے مادرِ علمی کا نام روشن کیا۔اور پرنسپل کی خدمات کے اعتراف میں انہیں گولڈ میڈل اور تعریفی اسناد سے نوازا گیا۔

2004ء میں ڈگری کلاسز کیلئے ضلعی حکومت کے تعاون سے 8 کمروں پر مشتمل ایک نئے بلاک کی تعمیر کی گئی۔2005ء میں پوسٹ گریجوائٹ کیلئے حسین و جمیل بلاک کی تعمیر بھی پایہ تکمیل تک پہنچ چکی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ ایک خوبصورت 20 کمروں پر مشتمل نئے ہوسٹل کی تعمیر بھی مکمّل ہو چکی ہے۔اس میں 60 طالبات کی رہائش کی سہولت موجود ہے۔

اپریل 2004 میں کینیڈا میں مقیم بورے والا کے ایک معزز شہری جناب محمد یٰسین چوہدری صاحب نے کالج ہذا میں؛ شہاب سائنس بلاک" کی تعمیر کے لئے خطیر رقم تقریباً 75 لاکھ روپے فراہم کی اور سہیل صابر چوہدری صاحب کی شبانہ روز محنت نے بہت جلد اس خواب کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔یہ بلاک فزکس، کیمسٹری، بیالوجی کی لیبارٹریز پر مشتمل ہے۔اور فنِ تعمیر کا خوبصورت شاہکار ہے۔"معطی" نے نہ صرف یہ بلاک تعمیر کروایا، بلکہ تمام فرنیچر سائنسی اپریٹس اور دیگر ضروری سامان سے آراستہ کیا۔اس سائنس بلاک میں تقریباً 100 طالبات کیلئے پریکٹیکل کی تمام سہولیات میسر ہیں۔انفارمیشن ٹیکنالوجی کے میدان میں مستقبل کے چیلنجز سے عہدہ برآہ ہونے کی غرض سے پنجاب حکومت نے حال ہی میں 32 عدد جدید کمپیوٹر اور چار عدد ائیر کنڈیشنڈ کالج ہذا کو فراہم کئے ہیں۔ کالج ہذا میں ایک جدید کمپیوٹر لیب اور لائبریری قائم ہو چکی ہے 2019 اور 2020 کے دوران طالبات کی سہولت کے لئے کنٹین کی عمارت تعمیر اور فعال ہو چکی ہے۔اساتذہ کے بچوں کے لئے ڈے کیئر سنٹر بھی فعال ہو چکا ہے الحمداللہ BS انگلش کیمسٹری، فزکس اور زوالوجی کلاسز کا اجراء ہو چکا ہے۔اور باقی مضامین کیلئے کوشش جاری ہے فی الوقت کالج میں تقریباً 3800 طالبات زیورِ تعلیم سے آراستہ ہو رہی ہیں۔کالج انتظامیہ بہترین تعلیمی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے۔

# محلِ وقوع

گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین بورے والا شہر کے وسط میں واقع ہے۔ اس کا کل رقبہ ساڑھے بارہ ایکڑ ہے۔ کالج ہذا کے مشرق میں گلشنِ غنی اور مغرب کی طرف سول ہسپتال، جنوب میں شہر جبکہ شمال میں سٹیڈیم ہے۔ کالج کی پروقار عمارت مندرجہ ذیل بلاکس پر مشتمل ہے۔

## ایڈمن بلاک (اولڈ)

پرنسپل آفس، وائس پرنسپل آفس، سٹاف روم، ڈسپنسری، سٹور اور مسجد پر مشتمل ہے۔

## اکیڈمک بلاک (اولڈ)

ایک عدد ہال، کنٹرولر آفس اور بارہ کمروں پر مشتمل ہے۔

## نیو ایڈمن بلاک:

اس میں ایک ہال، لائبریری، کلریکل آفس، پرنسپل آفس، پرنسپل رٹیائرنگ روم، کنٹرولر آفس اور کمپیوٹر لیب ہے۔

## ایڈیشنل بلاک 1:

اس میں ایک کمپیوٹر لیب اور نو کمرے ہیں۔

## نیو اکیڈمک بلاک:

اس میں آٹھ عدد کلاس رومز اور ایک جمنیزیم ہے۔

## شہاب بلاک:

شہاب بلاک میں فزکس، کیمسٹری اور بیالوجی کی لیبارٹریز ہیں

## سیمینار ہال:

کالج کے مرکزی گراؤنڈ میں ایک سیمینار ہال ہے۔

## گرلز ہاسٹل:

40 (چالیس) کمروں پر مشتمل دو گرلز ہاسٹل ہیں۔

## سٹاف سوئٹ:

معزز سٹاف ممبران کی اقامت کے لئے چھ عدد سنگل سوئٹ بنائے گئے ہیں۔

## ملازمین کوارٹر:

کالج کے درجہ چہارم ملازمین کے لئے تین عدد کوارٹر ہیں

## وارڈن ہاؤس:

وارڈن کی رہائش کے لئے علیحدہ سے ایک وارڈن ہاؤس کا بھی انتظام ہے۔

## پرنسپل ہاؤس:

پرنسپل صاحبہ کی رہائش کے لئے بھی کالج ہذا میں تمام تر بنیادی اور جدید سہولیات کے ساتھ علیحدہ اور کشادہ رہائش گاہ کا انتظام ہے۔

داخلی اور خارجی مقاصد کے لئے تین عدد مین گیٹ ہیں۔

گرلز ہاسٹل کے ساتھ والے گراؤنڈ میں ایک کینٹین، فلٹریشن پلانٹ اور ٹربائن کی سہولت ہے۔

طالبات کی سہولت کے لئے حکومت پنجاب کی طرف سے خصوصی طور پر ایک عدد جدید بس کا انتظام ہے۔

## کالج سٹاف

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پرنسپل | مسز عاصمہ حسین | ایم ایس سی، ایم فل، (گولڈ میڈلسٹ) | ایسوسی ایٹ پروفیسر | |
| وائس پرنسپل | مسز نورین ظفر | ایم اے گولڈ میڈلسٹ، ایم فل | ایسوسی ایٹ پروفیسر | |

## شعبہ انگریزی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1۔ | مسز خالدہ رشید | ایم اے، بی ایڈ ایم فل | ایسوسی ایٹ پروفیسر | صدر شعبہ |
| 2۔ | مسز آسیہ اسلم | ایم اے، ایم فل | اسسٹنٹ پروفیسر | |
| 3۔ | مسز ثمینہ وقار | ایم اے | اسسٹنٹ پروفیسر | |
| 4۔ | مسز شبانہ | ایم اے، بی ایڈ | اسسٹنٹ پروفیسر | |
| 5۔ | مسز رضوانہ تبسّم | ایم اے، ایم فل | اسسٹنٹ پروفیسر | |
| 6۔ | مسز آمنہ صبا | ایم اے، ایم فل | اسسٹنٹ پروفیسر | |
| 7۔ | مس قراۃ العین | ایم اے | اسسٹنٹ پروفیسر | |

## شعبہ اردو

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1۔ | مسز بشریٰ قادری | ایم اے | ایسوسی ایٹ پروفیسر | |

## شعبہ اسلامیات

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1۔ | مسز نوشین سراج | بی ایس | لیکچرر | |
| 2۔ | مسز منزہ اسلم | ایم اے | لیکچرر | |

## شعبہ طبیعیات

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1۔ | مسز نادیہ یونس | ایم ایس سی، ایم فل، بی ایڈ | اسسٹنٹ پروفیسر | صدر شعبہ |
| 2۔ | مسز صائمہ لطیف | ایم ایس سی، ایم فل، بی ایڈ | اسسٹنٹ پروفیسر | |
| 3۔ | مسز عقیلہ نذیر | ایم ایس سی، ایم فل (گولڈ میڈلسٹ) | لیکچرر | |

## شعبہ کیمیاء

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1۔ | مسز رضوانہ ناز | ایم ایس سی، ایم فل | اسسٹنٹ پروفیسر | صدر شعبہ |
| 2۔ | مسز مدیحہ | ایم ایس سی | لیکچرر | |
| 3۔ | مسز صبا کرن | ایم ایس سی | لیکچرر | |

## شعبہ باٹنی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1۔ | مسز عاصمہ حسین | ایم ایس سی، ایم فل (گولڈ میڈلسٹ) | ایسوسی ایٹ پروفیسر (پرنسپل) | صدر شعبہ |
| 2۔ | مسز عمارہ اکرم قادری | ایم ایس سی، ایم فل | اسسٹنٹ پروفیسر | |
| 3۔ | مس زنیرہ اعجاز | ایم ایس سی، ایم فل | لیکچرر | |

## شعبہ بیالوجی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1۔ | مسز نورین ظفر | ایم ایس سی، ایم فِل، ایم ایڈ | ایسوسی ایٹ پروفیسر | صدر شعبہ |

## شعبہ زوالوجی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1۔ | مسز نبیہہ نذیر | بی ایس، ایم فِل | اسسٹنٹ پروفیسر | |

## شعبہ ریاضی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1۔ | مسز مرینہ سہیل | ایم ایس سی، ایم فل | لیکچرر | |
| 2۔ | مس آسیہ علی اکبر | ایم ایس سی، ایم فل | لیکچرر | |

## شعبہ تاریخ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1۔ | مسز فضلیت فاطمہ | ایم اے، ایم فل | ایسوسی ایٹ پروفیسر | صدر شعبہ |
| 2۔ | مسز نسرین نعیم | ایم اے، ایم ایڈ، ایم فِل | اسسٹنٹ پروفیسر | |

## شعبہ ایجوکیشن

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ مسز فرزانہ رحمان | ایم اے، ایم فل | اسسٹنٹ پروفیسر | |

## شعبہ سیاسیات

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ مسز غزالہ یاسمین | ایم اے (گولڈ میڈلسٹ) ایم فل | ایسوسی ایٹ پروفیسر | صدر شعبہ |
| 2۔ مسز شازیہ اختر | ایم اے | ایسوسی ایٹ پروفیسر | |
| 3۔ مسز رخسانہ منیر | ایم اے | اسسٹنٹ پروفیسر | |
| 4۔ مس اسماء شکور | ایم اے | اسسٹنٹ پروفیسر | |

## شعبہ عمرانیات

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ مسز حافظ فوزیہ تبسّم | ایم اے سوشیالوجی، ایم فل | لیکچرر | |

## شعبہ صحت و تعلیم جسمانی

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ مسز شفقت اسحاق | ایم اے | اسسٹنٹ پروفیسر | صدر شعبہ |
| 2۔ مس نعیمہ رزاق | ایم اے، بی ایڈ | لیکچرر | |

## شعبہ معاشیات

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ مسز صبیحہ انجم | ایم اے، بی ایڈ، ایم فل | اسسٹنٹ پروفیسر | صدر شعبہ |
| مسز اقصیٰ نورین | ایم اے، بی ایڈ، ایم فل | اسسٹنٹ پروفیسر | |

## شعبہ کمپیوٹر سائنس

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ مسز عائشہ حبیب | ایم ایس سی، ایم فل | اسسٹنٹ پروفیسر | صدر شعبہ |
| 2۔ مسز آمنہ اخلاق | ایم سی ایس | اسسٹنٹ پروفیسر | |
| 3۔ مسز نازش پروین | ایم ایس سی | لیکچرر | |
| 4۔ مسز رامین رانا | ایم ایس سی، ایم فل | لیکچرر | |
| 5۔ مسز گلناز توکل | ایم سی ایس | لیکچرر | |

## شعبہ لائبریری سائنس

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ مسز آسیہ پروین | | لائبریرین |
| 2۔ آسامی خالی ہے | | لائبریری کلرک |

## عملہ دفتر کالج

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ آسامی خالی ہے | | ہیڈ کلرک |
| 2۔ وحید حسین | ایم اے، بی ایڈ | سینئر کلرک |
| 3۔ فوزیہ بی بی | ایم اے فزیکل ایجوکیشن | سینئر کلرک |
| 4۔ ثریا بی بی | | نائب قاصد |
| 5۔ اعجاز حسین | | نائب قاصد |
| 6۔ آسامی خالی ہے | | جونئیر کلرک |
| 7۔ آسامی خالی ہے | | جونئیر کلرک |
| 8۔ محمد عبدالجبار | | ڈرائیور |

## ۷۔ داخلہ کمیٹی انٹرمیڈیٹ

چیئر پرسن :۔ مسز فرزانہ رحمٰن

ممبرز :۔ مسز اقصیٰ نورین، مسز آسیہ اسلم، مسز رضوانہ ناز، مسز نبیہ نذیر، مسز شبانہ تبسم مسز ثمینہ وقار، مسز رضوانہ تبسم مسز آمنہ صبا، مسز نازش پروین، مسز صبا کرن

## ۸۔ داخلہ کمیٹی بی ایس پروگرامز

چیئر پرسن: مسز نورین ظفر

ممبرز :۔ مسز خالدہ رشید، مسز نبیہ نذیر، مسز صائمہ لطیف، مسز رضوانہ ناز،

## ۹۔ کھیل کی بنیاد پر داخلہ

مسز شفقت اسحٰق، مسز نعیمہ رزاق بمعہ کالج کونسل

## Quality Enhancement Cell (QEC)

چیئر پرسن: مسز عاصمہ حسین پرنسپل صاحبہ

ممبرز :۔ مسز عمارہ اکرم قادری، مسز آسیہ اسلم، مسز مریم بتول، مس آسیہ علی اکبر

## ۱۳ مورا سکالرشپ:

چیئر پرسن :۔ پرنسپل صاحبہ • سیکرٹری: مسز غزالہ یاسمین

ممبرز: مسز فوزیہ تبسم، مسز رخسانہ منیر مسز فضیلت فاطمہ

## ۱۴ پیف سکالرشپ

• مسز آسیہ اسلم • مسز شبانہ تبسم • مسز عائشہ حبیب

## ۱۵ پراسپیکٹس

• انچارج مسز بشریٰ قادری

## ۱۶ ٹائم ٹیبل /ڈیوٹی لسٹ

انچارج: پرنسپل صاحبہ ممبرز: مسز صائمہ لطیف، مسز نبیہ نذیر

## ۷۔ داخلہ کمیٹی انٹرمیڈیٹ

چیئرپرسن :۔ مسز فرزانہ رحمٰن

ممبرز :۔ مسز اقصیٰ نورین، مسز آسیہ اسلم، مسز رضوانہ ناز، مسز نبیہ نذیر، مسز شبانہ تبسم مسز ثمینہ وقار، مسز رضوانہ تبسم مسز آمنہ صبا، مسز نازش پروین، مسز صبا کرن

## ۸۔ داخلہ کمیٹی بی ایس پروگرامز

چیئرپرسن: مسز نورین ظفر

ممبرز:۔ مسز خالدہ رشید، مسز نبیہ نذیر، مسز صائمہ لطیف، مسز رضوانہ ناز،

## ۹۔ کھیل کی بنیاد پر داخلہ

مسز شفقت اسحٰق، مسز نعیمہ رزاق بمعہ کالج کونسل

## Quality Enhancement Cell (QEC)

چیئرپرسن: مسز عاصمہ حسین پرنسپل صاحبہ

ممبرز:۔ مسز عمارہ اکرم قادری، مسز آسیہ اسلم، مسز مریم بتول، مس آسیہ علی اکبر

## ۱۳ مورا سکالرشپ:

چیئرپرسن:۔ پرنسپل صاحبہ • سیکرٹری: مسز غزالہ یاسمین

ممبرز: مسز فوزیہ تبسم، مسز رخسانہ منیر مسز فضیلت فاطمہ

## ۱۴ پیف سکالرشپ

• مسز آسیہ اسلم • مسز شبانہ تبسم • مسز عائشہ حبیب

## ۱۵ پراسپیکٹس

• انچارج مسز بشریٰ قادری

## ۱۶ ٹائم ٹیبل /ڈیوٹی لسٹ

انچارج: پرنسپل صاحبہ ممبرز: مسز صائمہ لطیف، مسز نبیہ نذیر

## ۱۵ -کالج پراپرٹی فرنیچر

انچارج:۔ مسزصبیحہ انجم

ممبرز: مس آسیہ علی اکبر،مسز نازش پروین،مسز مدیحہ،مسز آسیہ اسلم،مس زنیرہ اعجاز،مسز آمنہ صباء

## 16 -واٹر سسٹم

1) واٹر ٹربائن، واٹر کولر (الیکٹرک) ٹیوب ویل،فلٹریشن پلانٹ، ہینڈ پمپ، ڈونکی پمپ ● انچارج:مسز فرزانہ رحمٰن

2) انچارج R.O.P ● مسز رضوانہ ناز ● مسز رامین رانا

## 17 -کالج کراکری

- مسز خالدہ رشید
- مسز رضوانہ تبسم

## 18 -انچارج بینر سٹور

- مسز رخسانہ منیر
- مسز مدیحہ

## 19 -کمپیوٹر لیب

انچارج:۔ مسز عائشہ حبیب

ممبرز: ● مسز آمنہ اخلاق ● مسز نازش پروین ● مسز رامین رانا ● مسز گلناز توکل

## 20 - لائبریری انچارج

- مسز آسیہ پروین

## 21 -کالج کارڈ انچارج

ممبرز: ● مسز آمنہ اخلاق ● مسز آمنہ صبا ● مسز رامین ● مسز آسیہ پروین ● مس آسیہ علی اکبر

## 22 -باغبانی کمیٹی

- انچارج:۔مسز نبیہ نذیر

ممبرز: مسز عقیلہ نذیر،مس زنیرہ اعجاز،مسز رامین رانا

## 23 - ڈسپنسری انچارج

- مسز فوزیہ تبسّم
- مسز نعیمہ رزاق

## 24 -کینٹین انچارج

- مسز فرزانہ رحمٰن
- مسز آمنہ صبا

## 25 -قومی تقریبات

- مسز فضیلت فاطمہ
- مسز شازیہ رضوی
- مسز نسرین اختر

## 26 - اسلامک تقریبات

- مسز رخسانہ منیر
- مسز فوزیہ تبسّم

## 27 -داخلہ فارم بورڈ

(انٹر میڈیٹ)

● مسز صبیحہ انجم ● مسز آسیہ اسلم ● مسز فرزانہ رحمٰن ● مسز ثمینہ وقار ● مسز شبانہ تبسّم ● مسز نادیہ یونس

## 29۔ داخلہ فارم یونیورسٹی (ADA/ADS)

◆ مسزغزالہ یاسمین ◆ مسزفضیلت فاطمہ ◆ مسزشازیہ رضوی ◆ مسزبشریٰ قادری ◆ مسزخالدہ رشید ◆ مسزرخسانہ منیر

## 30 میگزین

انچارج: مسزعاصمہ حسین

شعبہ انگلش:۔ ◆ مسزخالدہ رشید ◆ مسزشبانہ تبسم ◆ مسزثمینہ وقار ◆ مسزآسیہ اسلم ◆ مسزرضوانہ تبسم ◆ مسزآمنہ صبا

شعبہ اردو:۔ ◆ مسزبشریٰ قادری

## 31 ۔اینٹی ڈینگی کمیٹی

انچارج: ◆ مسزنورین ظفر

فوکل پرسن: نبیہ نذیر ممبرز:۔ ◆ مسزنادیہ یونس ◆ مسزرضوانہ ناز ◆ مسزعقیلہ نذیر ◆ مسزصبا کرن

## 32۔ پراکٹورل بورڈ

◆ مسزفرزانہ رحمٰن ◆ مسزآسیہ پروین

## 33 ۔انچارج پرنسپل آفس، سٹاف روم

◆ مسزصبیحہ انجم ◆ مسزآمنہ صبا

## 34 ۔ہاسٹل مینجمنٹ کمیٹی

◆ پرنسپل صاحبہ ◆ مسزغزالہ یاسمین ◆ مسزشازیہ رضوی ◆ مسزبشریٰ قادری

## 35 ۔ہاسٹل برسر

◆ مسزصبیحہ انجم ◆ مسزاقصیٰ نورین

## 36۔ سکیورٹی کمیٹی

فوکل پرسن:۔ ◆ مسزشفقت اسحاق

ممبرز:۔ ◆ مسزعائشہ حبیب ◆ مسزآمنہ اخلاق ◆ مسزرامین رانا ◆ مسزمدیحہ اسلم ◆ مسزنازش پروین

## 37۔ کریکٹر بلڈنگ سوسائٹی

◆ مسزفوزیہ تبسم ◆ مسزنعیمہ رزاق

## 38 ۔اینٹی کرپشن سوسائٹی

◆ مسزفوزیہ تبسم ◆ مسزنعیمہ رزاق

## 39۔ کاؤنسلنگ کمیٹی

◆ مسزنسرین اختر ◆ مسزصائمہ لطیف ◆ مسزرضوانہ ناز

## 40 -انسداد منشیات آگاہی مہم

◆ مسزفوزیہ تبسّم ◆ مسزنعیمہ رزاق

## 43 ۔ سپورٹس کمیٹی

- پرنسپل * مسزغزالہ یاسمین * مسزفضیلت فاطمہ * مسزشازیہ رضوی * مسزبشریٰ قادری * مسزشفقت اسحٰق * مسزنعیمہ رزاق

## 44 ۔ڈے کیئر سنٹر

- مسزمرینہ سہیل * مسزآمنہ اخلاق

## 46 ۔دعوتی کمیٹی:

(Wellcome/farewell)

- مسزصائمہ لطیف،مسزنادیہ یونس،مسزرضوانہ ناز،مسزآمنہ اخلاق

## 47 ۔ جنریٹرانچارج

- وحید حسین (سینئرکلرک)

## 48 -نیو ہاسٹل

- انچارج (ٹینٹ،قناتیں)مسزنعیمہ رزاق * انچارج (دریاں،قالین)مسزرضوانہ ناز

## 49 ۔الیکٹرک سٹور

- مس مریم بتول * مس زنیرہ اعجاز

## 50 ۔ ٹرانسپورٹ کمیٹی

- بس کارڈ:۔ * مسزصبا کرن
- مرمت+لاگ بک:۔ * مسزخسانہ منیر * مسزآمنہ اخلاق

## 51 ۔ کلیریکل آفس انچارج

- مسزفرزانہ رحمٰن * مسزآسیہ اسلم (ڈسپلن کمیٹی)

## 52 ۔ کوالٹی انہانسمنٹ سیل

- مسزآسیہ اسلم * مس زنیرہ اعجاز

## 54- ماڈل روم +ملٹی پریز ہال

- انچارج:۔ مسزصبا کرن

## 55۔باٹنی ایسوسی ایشن کمیٹی

- چیئرپرسن: پرنسپل صاحبہ سیکرٹری * مسزنورین ظفر ممبرز:* مس زنیرہ اعجاز * وحید حسین (سینئرکلرک)

## 56۔اینٹی ہریسمنٹ کمیٹی

- چیئرپرسن: * مسزعاصمہ حسین (پرنسپل) * مسزفضیلت فاطمہ * مسزعائشہ حبیب * مسزمرینہ سہیل

## ضابطہ اخلاق برائے طالبات

۱ تدریسی اوقات کی ابتدا ہر روز اسمبلی میں تلاوت کلام پاک سے ہوتی ہے۔ جس کا سب سے بڑا مقصد اجتماعی لحاظ سے قرآن وحدیث کی تعلیمات کو فروغ دینا ہے۔ ہر طالبہ پر لازم ہے کہ ان مقدس لمحات میں شریک رہا کرے۔

۲ طالبہ پر لازم ہے کہ وہ اپنے کالج، اساتذہ اور دوسرے اراکین عملہ کا احترام کرے۔

۳ طالبہ پر لازم ہے کہ وہ اپنے طرز عمل سے تہذیب وشائستگی کا مظاہرہ کریں۔

۴ طالب علم کی شناخت ادارے کی جانب سے جاری کردہ شناختی کارڈ ہے۔ طالبات کو چاہئے کہ وہ کالج اوقات میں اسے اپنے پاس رکھیں۔

۵ سینئر طالبات کا فرض ہے کہ وہ جونیئر طالبات کے ساتھ نہایت شفقت سے پیش آئیں۔

۶ کالج انتظامیہ کے فیصلوں کی پابندی کرنا طالبات پر لازم ہے۔

۷ طالبات کو چاہئے کہ وہ کالج کے نظام اوقات (Time Table) کی سختی سے پابندی کریں۔

۸ پھولوں کو توڑنا، کیاریوں کو خراب کرنا، نوٹس بورڈ پر آویزاں احکام کو خراب کرنا یا اتارنا اور کالج کی املاک کو نقصان پہنچایا، دیواروں اور دروازوں پر لکھنا جرم ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

۹ طالبات کا سٹاف ممبران کے رہائشی علاقہ میں جانا سختی سے منع ہے۔ اس طرح گرلز ہوسٹل میں بھی غیر متعلقہ طالبات کا جانا منع ہے۔

۱۰ طالبات فارغ اوقات میں بیکار نہ برآمدوں میں گھومیں اور نہ ہی دوسری کلاسز کے کام میں خلل ڈالیں، نیز شور وغل سے پرہیز کریں۔

۱۱ کالج کی صفائی کا خیال رکھنا طالبات کا فرض ہے۔

۱۲ سٹاف روم میں طالبات کا آنا منع ہے۔

۱۳ طالبات کو موبائل فون لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اگر کسی طالبہ سے موبائل فون برآمد ہو گیا تو اسے ضبط کر لیا جائیگا۔ اور حکومت پاکستان کے رُول کے مطابق ایک ہزار روپے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

## داخلہ کیلئے نشستوں کی تقسیم (ایف اے /ایف ایس سی)

| | | |
|---|---|---|
| نشستیں برائے طالبات | ( آرٹس ) | 650 |
| نشستیں برائے طالبات | ( سائنس ) | 350 |
| نشستیں برائے طالبات | ( جنرل سائنس ) | 100 |
| کل نشستیں | | 1100 |

## آرٹس میں سیٹوں کی تقسیم اس طرح ہوگی

| | |
|---|---|
| قابلیت کی بنیاد پر | 94% |
| معذور افراد کیلئے | 2% |
| کھیلوں کی بنیاد پر (صرف آرٹس گروپ کیلئے) | 2% |
| Extra Curricular Activities | 2% |

**شرائط:**

ا گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین بورے والا میں داخلہ قابلیت کی بناء پر ہوگا۔

۲ داخلہ کیلئے درخواستیں مجوزہ فارم پر میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کے نتائج کے اعلان کے بعد ایک مقررہ تاریخ تک وصول کی جاتی ہیں۔ فارم کیساتھ مندرجہ ذیل دستاویزات کا ہونا ضروری ہے۔

(الف) سابقہ تعلیمی ادارے کے سربراہ کا جاری کردہ ادارہ چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ (ب) سابقہ تعلیمی ادارے کے سربراہ کا جاری کردہ چال چلن کا سرٹیفکیٹ (ج) متعلقہ بورڈ سے پاس کردہ امتحان کے رزلٹ کارڈ کی دو فوٹو کاپیاں تصدیق شدہ۔

(د) کسی دوسرے بورڈ سے امتحان پاس کرنے کی صورت میں مائیگریشن کا اجازت نامہ (ایک اصل، دو فوٹو کاپیاں)

(ر) ب فارم/شناختی کارڈ فوٹو کاپی تصدیق شدہ 2 عدد

۳ مقررہ تاریخ کے بعد داخلہ کا کوئی فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔

۴ طالبات اپنے داخلہ فارم پر گروپ سوچ سمجھ کر لکھیں کیونکہ بعد میں گروپ تبدیل نہیں کیا جائیگا۔ مثلاً سائنس گروپ والی طالبات آرٹس گروپ اور آرٹس گروپ والی طالبات سائنس گروپ میں نہیں جاسکتیں۔

۵ داخلہ کی آخری تاریخ گزرنے کے بعد مزید دس دن تک لیٹ فیس کیساتھ داخلہ ہوسکتا ہے۔ لیٹ فیس کیساتھ داخلہ گزارنے کے بعد تمام داخلے بورڈ کی اجازت سے دیئے جاتے ہیں۔

۶ میٹرک پاس کرنے کے 5 سال بعد امیدوار کو داخلہ کے وقت اس امر کا حلفیہ بیان درجہ اول مجسٹریٹ سے تصدیق کروانا گا۔ اس سے پہلے امیدوار نے کسی دوسرے کالج میں داخلہ نہیں لیا اور نہ ہی گیارہویں جماعت کا پرائیویٹ یا ریگولر امتحان دیا ہے۔

## دیگر درجہ چہارم کا عملہ

1 محمد رمضان چوکیدار 2 آسامی خالی ہے خاکروب

# انٹر اور BS کلاسز کا فیس شیڈول

| | نام فنڈ | انٹر کلاسز | | BS کلاسز | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | آرٹس (واجبات) | سائنس (واجبات) | آرٹس (واجبات) | سائنس (واجبات) |
| 2 | ایڈمیشن فیس بوقت داخلہ | 80 | 65 | 225 | 225 |
| 3 | ٹیوشن فیس | 600 سالانہ | 600 سالانہ | 360 فی سمسٹر | 360 فی سمسٹر |
| 4 | جنرل فنڈ | 50 سالانہ | 50 سالانہ | 50 فی سمسٹر | 50 فی سمسٹر |
| 5 | میڈیکل فنڈ | 50 سالانہ | 50 سالانہ | 30 فی سمسٹر | 30 فی سمسٹر |
| 6 | ریڈ کراس فنڈ | 60 سالانہ | 60 سالانہ | 30 فی سمسٹر | 30 فی سمسٹر |
| 7 | ویلفیئر فنڈ | 50 سالانہ | 50 سالانہ | 50 فی سمسٹر | 50 فی سمسٹر |
| 8 | امتحانی فنڈ | 180 سالانہ | 180 سالانہ | 200 | 200 |
| 9 | کالج میگزین فنڈ | 120 | 120 | 60 | 60 |
| 10 | سپورٹس فنڈ | 180 سالانہ | 180 سالانہ | 90 فی سمسٹر | 90 فی سمسٹر |
| 11 | ایفیلیشن فنڈ | 240 سالانہ | 240 سالانہ | 100 فی سمسٹر | 100 فی سمسٹر |
| 12 | لائبریری سیکیورٹی | 500 | 500 | 500 قابل واپسی | 500 قابل واپسی |
| 13 | برقعہ فنڈ | 100 سالانہ | 100 سالانہ | 50 فی سمسٹر | 50 فی سمسٹر |
| 14 | بس فنڈ | 150 سالانہ | 150 سالانہ | 70 فی سمسٹر | 70 فی سمسٹر |
| 15 | رجسٹریشن فیس | - | - | - | - |
| 16 | کمپیوٹر فنڈ | 300 سالانہ | 300 سالانہ | - | - |
| 17 | کالج کارڈ فنڈ | 50 | 50 | 50 بوقت داخلہ | 50 بوقت داخلہ |
| 18 | سائنس فنڈ | 60 سالانہ | 60 سالانہ | | 120 فی سمسٹر |

نوٹ: 1- فرسٹ ائیر کی طالبات اپنا پارٹ ون کا امتحان دینے کے فوراً بعد سیکنڈ ائیر کی فیس جمع کروائیں گی۔

## امتحانی اصول و ضوابط

۱ طالبات کا کالج کے دسمبر ٹیسٹ میں شامل ہونا ضروری ہے۔

۲ کسی مجبوری کی صورت میں امتحان سے پہلے میڈیکل سرٹیفکیٹ دینا ضروری ہوگا۔

۴ دسمبر ٹیسٹ میں غیر حاضر ہونے کی صورت میں فی پیپر -/200 روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ یہ گورنمنٹ رول ہے

۵ حکومت پنجاب کے امتحان اور مسلسل جائزہ کے نظام کے تحت طالبات کی کلاس میں مسلسل حاضری ضروری ہے۔

انٹرمیڈیٹ برائے کلاس سال اوّل (سائنس گروپ)

## مضامین کا انتخاب

| | | |
|---|---|---|
| لازمی مضامین | انگریزی، اردو، اسلامیات (لازمی)، مطالعہ پاکستان | |
| پری میڈیکل | فزکس، کیمسٹری، بیالوجی | |
| پری انجینئرنگ | فزکس، کیمسٹری، ریاضی | |
| جنرل سائنس | (1) فزکس، ریاضی، کمپیوٹر سائنس | (2) اکنامکس، ریاضی، کمپیوٹر سائنس |

## مضامین برائے کلاس (ایف اے)

۱ سوشیالوجی + ایجوکیشن + سوکس

۲ سوشیالوجی + سوکس + اُردو ایڈوانس

۳ اسلامیات اختیاری + سوشیالوجی + ہسٹری آف پاکستان

۴ کمپیوٹر سائنس + ایجوکیشن + فزیکل ایجوکیشن

۵ ایجوکیشن + سوکس + فزیکل ایجوکیشن

۶ اُردو ایڈوانس + اکنامکس + ایجوکیشن

۷ اسلامیات اختیاری + سوکس + فزیکل ایجوکیشن

۸ سوشیالوجی + کمپیوٹر سائنس + ریاضی

۹ اکنامکس + ریاضی + ایجوکیشن

۱۰ اکنامکس + اسلامیات اختیاری + کمپیوٹر سائنس

۱۱ ہسٹری آف پاکستان + اسلامیات + فزیکل ایجوکیشن

۱۲ سوشیالوجی + کمپیوٹر + لائبریری سائنس

## بی ایس پروگرام

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد سے الحاق شدہ

**BS** انگلش **BS** کیمسٹری **BS** فزکس **BS** زوالوجی

**Eligibility**

**04 Year Programme(08 Semester)**

**BS** پروگرام میں داخلہ لینے کی خواہشمند طالبات کیلیئے ضروری ہے کہ وہ صرف وہ مضامین ہی رکھ سکتی ہیں جوانہوں نے انٹرمیڈیٹ میں پڑھے ہوں ہے۔

| |
|---|
| **BISE** ملتان اور **GCU** فیصل آباد کی طرف سے جاری کردہ پروگرامز سے متعلقہ تمام قواعد وضوابط لاگو ہوں گے۔ |

## وظائف اور فیس کی رعایت

ا طالبات تمام سرکاری اور غیر سرکاری وظائف استحقاق کی بناء پر حاصل کر سکتی ہیں۔

۲ ایک وقت میں ایک وظیفہ کی رعایت کی مل سکتی ہے۔

۳ اگر کسی طالبہ کی بہن یا بھائی کسی گورنمنٹ کالج میں زیرِ تعلیم ہوں ان سے چھوٹی کلاس والی کونصف ٹیوشن فیس کی رعایت حاصل ہوگی۔اس کیلیئے متعلّقہ کالج کے پرنسپل سے سرٹیفکیٹ حاصل کرنا ہوگا۔

۴ اساتذہ کے بچوں کو بھی فیس میں رعایت دی جائے گی۔ بڑی بچی کی پوری ٹیوشن فیس معاف کی جائیگی اور چھوٹی بچی سے آدھی ٹیوشن فیس وصول کی جائے گی۔

اساتذہ کرام اپنا اصل سروس سرٹیفکیٹ متعلّقہ مجاز افسر سے تصدیق کرواکے فیس معافی کی درخواست کیساتھ لگائیں۔

طالبہ کی حاضری، تعلیمی کارکردگی اور حسن سلوک بنیادی شرائط ہیں۔

۵ مراعات سے مستفید ہونے کیلیئے کالج کے دفتر سے مقرر کردہ تاریخ میں مجوزہ فارم پر درخواست دینا ہوگی۔

## حاضری کے قوانین

ا طالبات سے کلاسوں میں باقاعدگی کی توقع کی جاتی ہے تاکہ بورڈ اور یونیورسٹی کی مقرر کردہ **75** فیصد حاضری کی شرط کو پورا کر سکیں۔

۲ حاضری کم ہونے کی صورت میں بورڈ/یونیورسٹی کی طرف سے امتحانات میں شرکت کی ممانعت کی جاسکتی ہے۔

نوٹ: ۳ چھ روز مسلسل یا ایک ماہ میں دس روز غیر حاضر ہونیکی صورت میں نام خارج کر دیا جائیگا اور طالبات کو صرف **1** مرتبہ دوبارہ داخلہ کی سہولت حاصل ہوگی۔

## رخصت کے قواعد

۱ طالبات کو کسی بھی قسم کی رخصت لینے کیلئے تحریری درخواست دینا ہوگی۔
۲ رخصت کی درخواست پر والد یا سرپرست کے دستخط ضروری ہیں۔
۳ بیماری کی صورت میں تین دن سے زیادہ رخصت درکار ہو تو میڈیکل سرٹیفکیٹ پیش کرنا ہوگا۔
۴ بغیر درخواست کے رخصت غیر حاضری شمار ہوگی جس کے لئے جرمانہ واجب الادا ہوگا۔

## کالج یونیفارم

۱ طالبات پر لازمی ہے کہ وہ پاکستانی کاٹن یا فیبرون کی سفید قمیض شلوار یونیفارم کیلئے استعمال کریں۔
۲ قمیض کا گلا کالر یا بین کیساتھ ہونا ضروری ہے۔
۳ ریشمی کڑھائی اور چکن والے لباس پہننا منع ہے۔
۴ زیور اور آرائش کی دیگر اشیاء کا استعمال منع ہے۔
۵ سردیوں میں کالا سوئیٹر سادہ ہونا چاہئے۔
٦ سردیوں میں سیاہ جوگر یا سیاہ کینوس شوز اور گرمیوں میں کالے سینڈل بغیر ہیل کے۔
۷ طالبات اپنی جماعت کے مقرر کردہ دوپٹے کے صحیح شیڈز استعمال کریں
۸ دوپٹہ فیبرون کا ہوا، رنگ کالج کا تجویز کردہ ہونا چاہیئے۔
۹ BS Prograe کی طالبات اپنے دوپٹہ سے ہم رنگ ایک انچ چوڑی پٹی دامن پر لگائیں۔
۱۰ انٹر کلاسز سال اول: کاسنی سال دوم: نیلا آسمانی

## کالج کے امتحانات

۱ سال اول اور سال دوم کی طالبات کیلئے ماہانہ سہ ماہی اور دسمبر ٹیسٹ لازم ہے۔
۲ بغیر اطلاع کے امتحان سے غیر حاضر ہونے والی طالبات کو مقرر کردہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔
۳ کالج امتحانات میں ناجائز ذرائع استعمال کرنے پر جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

۴ ثانوی تعلیمی بورڈ کے مطابق ایف اے/ایف ایس سی کی طالبات کے ہر مضمون کے 100 نمبروں میں سے 20 فیصد نمبر کالج کی 2 سالہ کارکردگی کے معیار پر دیئے جاتے ہیں۔

۵ ایف گریڈ حاصل کرنے والی طالبات کا داخلہ روکا جاسکتا ہے۔

## طبی سہولت

طالبات کی سہولت کیلئے کالج میں ڈسپنسری موجود ہے۔ طالبات بوقت ضرورت متعلّقہ ڈسپنسری انچارج سے رابطہ کرسکتی ہیں۔

## کالج لائبریری (دارالمطالعہ)

اس وقت کالج لائبریری میں کافی اچھی اور نادر کتب موجود ہیں ہر طالبہ کو داخلہ کے بعد لائبریری کارڈ دیا جائے گا جس کے مطابق وہ اپنی کی کتابیں نکلوا سکتی ہیں۔

## لائبریری کے قواعد

۱ صرف کالج کے اساتذہ کرام اور طالبات لائبریری سے کتابیں نکلوانے کی مجاز ہوں گی۔

۲ ہر طالبہ ایک وقت میں صرف ایک کتاب نکلوا سکتی ہے۔

۳ طالبات صرف 15 کیلئے دن کتاب جاری کروا سکتی ہیں۔

۴ مقرر کردہ مدت کے بعد کتاب نہ آنے کی صورت میں -/1 روپے یومیہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

۵ کتاب کی گمشدگی اور نقصان کی صورت میں طالبہ ذمہ دار ہوگی اور اس سے کتاب کی بازار میں رائج کردہ قیمت سے تین گناہ وصول کیا جائے گا۔

۶ مختلف کلاسز کی طالبات اپنے مقرر کردہ دونوں میں کتاب حاصل کرسکتی ہیں۔

۷ مندرجہ ذیل کتب لائبریری سے نہیں لی جاسکتیں: (الف) کتب حوالہ (ب) رسائل اور جرائد کے تازہ شمارے

۸ لائبریری میں مکمّل خاموشی کا مظاہرہ کیا جائے۔

۹ تعطیلات کیلئے کتابیں جاری نہ ہوں گی۔

## ٹیوٹیوریل گروپ

طالبات کے اندر چھپی ہوئی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اساتذہ کا فرض ہے اس سلسلہ میں کالج کی تمام کلاسز کو مختلف گروپس میں تقسیم کر کے ٹیوٹر مقرر کیا جاتا ہے ہفتہ میں ایک پیریڈ اس سلسلہ میں مخصوص ہے اس میں طالبات کی حاضری لازمی ہے۔

## جسمانی تربیت

طالبات کی ذہنی اور جسمانی تربیت کے لئے کالج میں مختلف کھیلوں کے مقابلے منعقد کئے جاتے ہیں سالانہ کھیلوں کے نتائج کی بنیاد پر قابل اور ہونہار کھلاڑیوں میں اسناد اور انعامات دیئے جاتے ہیں۔

## ہم نصابی سرگرمیاں

کالج میں سارا سال ہم نصابی سرگرمیوں جاری رہتی ہیں اورس سلسلہ میں مندرجہ ذیل تقریبات منعقد ہوتی رہتی ہیں۔

1 یوم آزادی
2 یوم پاکستان
3 یوم قائداعظم
4 یوم علامہ اقبال
5 سالانہ محفل میلاد
6 سالانہ مذاکرہ
7 سالانہ مباحثہ ومشاعرہ
8 سالانہ سپورٹس
9 ہفتہ شجرکاری
10 سالانہ جلسہ تقسیم انعامات
11 سالانہ مینابازار
12 سالانہ تفریحی سیر

## ہوسٹل کے قواعد و ضوابط

۱ غیرشادی شدہ طالبات ہوسٹل میں رہنے کی حقدار ہوں گی۔
۲ ہوسٹل داخلہ فارم متعلّقہ انچارج سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔
۳ جب تک کسی طالبہ کی نشست ہوسٹل میں مخصوص ہوگی، وہ ہوسٹل کے واجبات ہر ماہ ادا کرے گی۔
۴ صرف ان رشتہ داروں کومخصوص میں ملاقات کرنے یا طالبہ کو ساتھ لے جانے کی اجازت ہوگی جن کے نام رشتے کی نوعیت اور دستخط داخلہ فارم میں درج ہوں گے اور ساتھ شناختی کارڈ بھی ہوگا۔
۵ ہوسٹل کی خوراک کے ماہانہ اخراجات مہنگائی کے مطابق انتظامیہ کو بڑھانے کا اختیار ہوگا۔
۶ ہوسٹل میں قیمتی اشیاء رکھنے کی اجازت نہیں جن میں ریڈیو، ٹیپ ریکارڈ، ہیٹر اور کیش شامل ہیں۔
۷ ہر سال کے آخر میں داخلہ ختم کردیا جائے گا۔ نئے سال کیلئے طالبہ کو ازسرنو داخلہ لینا ہوگا۔
۸ بغیر رخصت حاصل کئے ہوسٹل سے غیر حاضری پر -/50 روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔
۹ ہوسٹل کے ساز وسامان کو نقصان پہنچانے کی صورت میں طالبات کو جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔
۱۰ ہوسٹل سے طالبہ کو گھر جانے اور چھوڑنے کی ذمہ داری والدین/سرپرست پر عائد ہوگی۔
۱۱ سٹی میٹ کے ساتھ جانے کی صورت میں والدین/سرپرست درخواست خود آفس میں جمع کروائیں گے۔
۱۲ کالج سے چھٹی کے بعد طالبات کو گھر جانے کی اجازت ہوگی۔ لواحقین وقت کی پابندی کریں نیز اصل شناختی کارڈ ہمراہ لائیں۔
۱۳ سالانہ امتحان میں فیل ہونے یا پرائیویٹ ہونے کی صورت میں طالبہ کو کالج ہوسٹل میں رہنے کی اجازت نہ ہوگی۔
۱۴ طالبات کیلئے ضروری ہے کہ باہر جاتے وقت کمرہ کی روشنی اور پنکھا بند کرکے جائیں۔
۱۵ ہوسٹل میں کسی قسم کی پارٹی پرنسپل سے پیشگی اجازت کے بغیر منعقد نہیں کی جاسکتی۔
۱۶ طالبات مہمانوں کو رہائشی کمروں میں نہیں لے جاسکتیں۔
۱۷ طالبات کو ہوسٹل میں داخل ہوتے وقت اور چھوڑنے والے مہینے کے پورے اخراجات ادا کرنا ہوں گے۔
۱۸ ہوسٹل طالبات کو ملاقاتیوں سے ملاقات کرنے اور باہر جانے کی صورت میں ہوسٹل انچارج سے اجازت لینا ضروری ہے۔
۱۹ ہوسٹل میں نظم وضبط اور دیگر ڈیوٹیوں کے سلسلہ میں مختلف نوٹسز بوقت ضرورت نوٹس بورڈ پر آویزاں کئے جاتے ہیں۔

۲۰ طالبات کوموبائل رکھنے کی اجازت نہ ہوگی۔اگرکسی سے موبائل برآمد ہوگیا تو اسے ضبط کرلیا جائے گا۔

۲۱ ہوسٹل میں طالبات سے ملاقات کے دن اوراوقات درجہ ذیل ہیں۔دن ، ہفتہ ، اتوار

۲۲ طالبات کیلئے ضروری ہے کہ وہ کھانا سب کے ساتھ ڈائننگ روم میں کھائیں گی

## اوقات موسم گرما

ہفتہ : دوپہر 3 بجے تا 6 بجے شام اتوار: صبح 8 بجے تا 2 بجے دوپہر

## اوقات موسم سرما

ہفتہ: دوپہر 2 بجے تا 5 بجے شام اتوار: صبح 9 بجے تا 2 بجے دوپہر

## ہوسٹل چھوڑنے کا طریقہ

جب کوئی طالبہ ہوسٹل چھوڑتی ہے تو وہ اس امر کیلئے ایک درخواست بنام سربراہ ادارہ لکھے جس پر اس کے والدین / سرپرست کی تصدیق لازم ہوگی۔درخواست دینے کے بعد وہ اپنے واجبات بے باق کرے گی اور جس یوم سے اس نے ہوسٹل چھوڑنے کا ارادہ ظاہر کیا ہوگا، ہوسٹل سے رخصت ہوجائے گی۔

## ہوسٹل کے واجبات

| | |
|---|---|
| خوراک ماہانہ اخراجات | -/3000 روپے |
| سالانہ کرایہ ہوسٹل | -/120 روپے بوقت داخلہ |
| ملازمین چارجز (سالانہ) | -/5000 روپے بوقت داخلہ |
| بجلی چارجز (سالانہ) | -/5500 روپے بوقت داخلہ |
| سیکیورٹی چارجز (سالانہ) | -/1500 روپے بوقت داخلہ |
| ریپئرنگ چارجز (سالانہ) | -/600 روپے بوقت داخلہ |
| سیکیورٹی فیس قابل واپسی | -/1000 روپے بوقت داخلہ |
| کل رقم | |

نوٹ: مہنگائی کے حساب سے ہوسٹل چارجز میں اضافہ کیا جاسکتا ہے خوراک کے اخراجات کے علاوہ باقی تمام واجبات سالانہ لئے جاتے ہیں۔سیکیورٹی قابل واپسی ہے

## کالج آفس

۱ کالج دفتر کا عملہ آپ کی خدمت کیلئے ہے۔ان سے اچھے اخلاق سے پیش آئیں۔

۲ دفتر میں شوروغل اور ہنگامہ آرائی سے اجتناب کریں اس سے دفتری کا کام متاثر ہوتا ہے

۳ فیس دیتے وقت کھڑکی کے سامنے قطار بنائیں۔

۴ داخلہ اور دیگر معلومات حاصل کرنے کیلئے متعلّقہ آفس کلرک سے رابطہ قائم کریں۔

اللہ حافظ

رول نمبر ............................                                                                 سیریل نمبر ............................

# گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین بورے والا

چالان نمبر ____________________

درخواست داخلہ برائے جماعت ____________________

نام (اُردو میں) ____________________

نام (انگلش میں) ____________________

والد کا نام (اُردو) ____________________

والد کا نام (انگلش میں) ____________________

تاریخ پیدائش (ہندسوں میں) ____________ مذہب ____________

رجسٹریشن نمبر (میٹرک) ____________ رجسٹریشن نمبر **F.A/ F.Sc** ____________

طالبہ کا "ب" فارم / شناختی کارڈ نمبر ____________ درخواست دہندہ حافظ قرآن ہے یا نہیں ____________

گھر کا مستقل پتہ ____________ رابطہ فون نمبر (ضروری درج کریں) ____________

کیا کوئی مالی امداد درکار ہے؟ ہاں کی صورت میں والد صاحب کی سالانہ آمدنی لکھیں ____________ والد / سرپرست کا پیشہ ____________ والدہ کا نام ____________

| امتحان کے نتائج | سال | رول نمبر | حاصل کردہ نمبر / کل نمبر | | گریڈ | صرف اختیاری مضامین لکھیں | ادارہ جہاں سے پاس کیا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میٹرک آرٹس / سائنس | | | حاصل کردہ نمبر | | | | |
| | | | کل نمبر | | | | |
| ایف اے / ایف ایس سی | | | حاصل کردہ نمبر | | | | |
| | | | کل نمبر | | | | |

مضامین میں جو آپ جو پڑھنا چاہتے ہیں (صرف اختیاری مضامین لکھیں) ____________________

کن کھیلوں یا مشاغل میں آپ شرکت کا ارادہ رکھتے ہیں (سند منسلک کریں) ____________________

## سرٹیفکیٹ / بیان حلفی  ہم حلفاً اقرار کرتے ہیں کہ

1 درخواست داخلہ باہمی رضامندی سے دے رہے ہیں۔ ہم نے کالج کی پراسپیکٹس کا بغور مطالبہ کر لیا ہے اس کے مندرجات اور کالج کے دیگر قواعد وضوابط کی پابندی کریں گے۔ کالج کے واجبات کی ادائیگی اور دوران تعلیم سرزد ہونے والے نقصان کی تلافی کے ذمہ دار ہونگے۔

2 درخواست دہندہ کسی قسم کی سیاسی وتخریبی سرگرمیوں میں حصہ نہیں لے گی۔ ملوث ہونے کی صورت میں درخواست دہندہ اور والد / سرپرست ہر طرح کے نقصان کے ذمہ دار ہونگے۔ نیز یہ بات ہمارے علم ویقین میں ہے کہ (i) پرنسپل صاحبہ کسی طالبہ کو اگلی جماعت میں جانے سے (ii) بورڈ یونیورسٹی کے امتحان میں شریک ہونے سے روک لینے کے مجاز ہیں۔ (iii) ہم کالج کے پرنسپل صاحبہ کا یہ اختیار تسلیم کرتے ہیں کہ کالج کے قواعد وضوابط اور نظم ونسق کی خلاف ورزی کی پاداش میں درخواست دہندہ کو کالج سے خارج کر سکتے ہیں۔

**نوٹ**

1 فارم داخلہ کے ساتھ چال چلن کا سرٹیفکیٹ (سابقہ ادارہ کے سربراہ سے حاصل کردہ) بمعہ پروویژنل سرٹیفکیٹ دو مصدقہ کاپیاں لف کریں۔

2 فرسٹ ائیر کی طالبات 5 عدد رنگین فوٹو پاسپورٹ سائزہ داخلہ فارم کیساتھ لگائیں۔

3 متعلّقہ بورڈ سے پاس کردہ امتحان کے رزلٹ کارڈ کی 5 مصدقہ کاپیاں لف کریں۔

4 "ب" فارم / شناختی کارڈ کی 3 عدد مصدقہ فوٹو کاپیاں لف کریں۔

5 کسی دوسرے بورڈ سے امتحان پاس کرنے کی صورت میں مائیگریشن کا اجازت نامہ ایک اصل دو فوٹو کاپیاں لف کریں۔

دستخط درخواست دہندہ ____________ دستخط والد / سرپرست ____________

قومی شناختی کارڈ نمبر [ | | | | | - | | | | | | | | - | ]  قومی شناختی کارڈ نمبر [ | | | | | - | | | | | | | | - | ]

درخواست دہندہ (نام) ____________________ کو داخل کیا جاتا ہے

تاریخ داخلہ ____________ پرنسپل ____________

# بیان حلفی

ہم درج ذیل شرائط کوتسلیم کرتے ہوئے اقرار کرتے ہیں کہ

1 پراسپیکٹس میں دیئے ہوئے داخلہ ٹیسٹ کے قواعد کے مطابق اگر درخواست دہندہ داخلہ ٹیسٹ میں فیل ہو جائے تو

(۱) درخواست دہندہ کا داخلہ روک لیا جائے۔

(۲) داخلہ فارم واپس منگوالیا جائے یا

(۳) رول نمبر سلپ جاری نہ کی جائے۔ہمیں کسی قسم کا کوئی اعتراض اور قانونی چارہ جوئی کا حق حاصل نہ ہوگا۔

2-31 مارچ تک (ICS,F.A یا F.Sc کی صورت میں) یا 30 اپریل تک (BS-Programe) کی صورت میں)

اگر درخواست دہندہ کی 75% حاضریاں پوری نہ ہوں تو

(۱) داخلہ فارم روک لیا جائے

(II) رول نمبر سلپ روک لی جائے۔ہمیں کسی قسم کا اعتراض اور قانونی چارہ جوئی کا حق حاصل نہ ہوگا۔

(III) کالج میں نظم وضبط برقرار رکھنے کیلئے ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن (کالجز) کے مراسلہ نمبر 19414-19894 کے تحت کالج اوقات کار کے دوران طالبات کیلئے موبائل فون کا استعمال ممنوع ہے۔خلاف ورزی کی صورت میں سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(۴) کالج میں طالبات کا سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لینا سپریم کورٹ کے فیصلے کی رو سے ممنوع ہے۔خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف سخت تادیبی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(۵) میں حلفاً بیان کرتی ہوں کہ میں اس کے علاوہ کسی دوسرے کالج میں اس کلاس کیلئے داخلہ نہیں لیا ہے۔

دستخط درخواست دہندہ ________________ دستخط والد / سرپرست ________________

نشان انگوٹھا درخواست دہندہ ________________ نشان انگوٹھا والد / سرپرست ________________

قومی شناختی کارڈ نمبر ☐☐☐☐☐-☐☐☐☐☐☐☐-☐ قومی شناختی کارڈ نمبر ☐☐☐☐☐-☐☐☐☐☐☐☐-☐

# پراسپکٹس

2026-28




## گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین

## بورے والا

Rs. 150/-

067-9200073